چودھری افضل حق رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال پُر ملال پر

اکبر لاہوری

ہوتے ہیں پیدا بہت ماں باپ کے گھر میں پسر
شیر افضل حق مگر ملت کے گھر پیدا ہوا

ہم میں تھے گو چوڑے چوڑے سینوں والے بے شمار
کون اُس جیسا مگر سینہ سپر پیدا ہوا

اُس کے مرنے کا اثر قلبِ بخاری پر نہ پوچھ
سنتے ہیں اُس شیر کو ضعفِ کمر پیدا ہوا

اُس کے صبرِ بے زباں کی منہ سامانی تو دیکھ
چہرۂ دشمن پہ بھی غم کا اثر پیدا ہوا

کچھ نہ اکبر سے ہوا ملّت کی خدمت کے لیے
کیا ہوا ملّت کا گر اِک نوحہ گر پیدا ہوا

☆......☆......☆

(۱۰رجنوری ۱۹۴۲ء)

☆انتقال:۸رجنوری ۱۹۴۲ء